Maulana Azad National Urdu University
B.A : (Urdu) V Semester Examination - December - 2017
Paper : Ghazal aur Novel

پرچہ : غزل اور ناول

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے**10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) غزل کے سب سے اچھے شعر کو کیا کہتے ہیں۔

(a) مقطع (b) مطلع (c) بیت الغزل (d) حسن مطلع

(ii) غزل کو نیم وحشی صنفِ سخن کس نے کہا۔

(a) الطاف حسین حالی (b) کلیم الدین احمد (c) شبلی نعمانی (d) رشید احمد صدیقی

(iii) داغ دہلوی کی ولادت کس سنہ میں ہوئی۔

(a) 1830 (b) 1831 (c) 1832 (d) 1833

(iv) ''شاد عظیم آبادی کو اپنے دور کا میر کہا جائے تو بالکل بجا ہے'' یہ کس کا قول ہے۔

(a) شمس الرحمن فاروقی (b) محمد حسن (c) سید سلیمان ندوی (d) شمیم حنفی

(v) مجروح سلطان پوری کا پورا نام کیا ہے۔

(a) اسرار الحق (b) اسرار الحسن (c) رضوان الحسن (d) علی حسن

(vi) ''اوراقِ نو'' کے ایڈیٹر کون شاعر تھے۔

(a) شاد عظیم آبادی (b) احمد فراز (c) ناصر کاظمی (d) مجروح سلطان پوری

(vii) پریم چند کا اصل نام کیا تھا۔

(a) گنپت رائے (b) دھنپت رائے (c) نواب رائے (d) موہن رائے

(viii) پریم چند کے ناول نرملا کا مرکزی موضوع کیا ہے۔

(a) سماجی مسائل (b) معاشی مسائل (c) سیاسی مسائل (d) مذہبی مسائل

(ix) پریم چند نے اپنے ناولوں میں کسے مرکزی مقام دیا ہے۔

(a) بادشاہوں (b) مذہبی رہنماؤں (c) عوام (d) انگریزوں

(x) ناول آنگن کا مرکزی کردار کون ہے۔

(a) عافیہ (b) عالیہ (c) عاصمہ (d) عارفہ

حصہ دوم

(2) غزل کسے کہتے ہیں۔ مثالوں سے سمجھایئے؟

(3) داغ کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے؟

(4) شاد عظیم آبادی کی شاملِ نصاب غزل کی تشریح کیجیے؟

(5) مجروح کے رنگِ تغزل پر روشنی ڈالیے۔

(6) ناصر کاظمی کی غزلوں میں پیکر تراشی کو اجاگر کیجیے؟

(7) پریم چند کا مختصر تعارف کرایئے۔

(8) فنی اعتبار سے پریم چند کے ناولوں کی خامیوں کو اجاگر کیجیے؟

(9) خدیجہ مستور کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔

حصہ سوم

(10) داغ کی غزل گوئی کے نمایاں امتیازات کی نشاندہی کیجیے؟

(11) اردو غزل گوئی میں احمد فراز کے مقام کا تعین کیجیے؟

(12) ناول کے فن اور اجزائے ترکیبی پر روشنی ڈالیے؟

(13) ناول 'نرملا' کا تنقیدی جائزہ لیجیے؟

(14) ناول 'آنگن' کے موضوع اور زبان و بیان پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے؟

☆☆☆